سوال

پاؤں کی انگلیوں کا خلال چھنگلی سے کرنے والی حدیث کی تحقیق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پاؤں کی انگلیوں کا خلال چھنگلی سے کرنے والی حدیث صحیح ہے یا ضعیف ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مستورد بن شداد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو وضو کرتے ہوئے دیکھا کہ آپ اپنے پاؤں کی اُنگلیوں کا خلال ہاتھ کی چھنگلی (چھوٹی اُنگلی) سے کر رہے تھے۔'' (ابوداؤد۔ الطہارۃ۔ باب غسل الرجلین۔ ترمذی۔ الطہارۃ۔ باب فی تخلیل الاصابع) اسے امام مالک نے حسن کہا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

طہارت کے مسائل ج1ص85